جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب وروز

حضرت مہتمم صاحب ودیگر اساتذہ کرام کا سفر حج: الحمدللہ امسال بھی دارالعلوم حقانیہ کے مہتمم صاحب و نائب مہتمم اور کئی اساتذہ نے حج کی سعادت حاصل کی ۔ اِن میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہٗ مولانا انوار الحق صاحب مدظلہٗ' مولانا حامد الحق حقانی' مولانا مفتی مختار اللہ حقانی' مولانا عرفان الحق' مولانا سلمان الحق' مولانا سید احمد شاہ' مولانا قاری شفیع اللہ' مولانا حمایت الحق' صاحبزادہ اسامہ سمیع' عبدالحق ثانی شامل تھے۔

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کا کراچی میں اجلاس: وفاق المدارس العربیہ پاکستان کا اجلاس کراچی میں مورخہ ۱۵ ر نومبر ۲۰۱۲ء کو زیر صدارت مرکزی صدر شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان مدظلہ میں منعقد ہوا۔ جس میں حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب' اور نائب مہتمم اور وفاق کے مرکزی نائب صدر حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ نے شرکت کی۔ اجلاس میں مدارس دینیہ پر چھاپے اور جامعہ احسن العلوم کے بے گناہ معصوم طلباء کی شہادتوں کا ذکر بالخصوص زیر بحث لایا گیا۔

صحافیوں اور مہمانوں کی دارالعلوم آمد: ۱۰ ر نومبر ۲۰۱۲ء کو ڈاکٹر اینڈریو' چیئر مین ادارہ سالٹ ہالینڈ اپنے ساتھیوں کے ہمراہ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملنے کے لئے ان کی رہائش گاہ پر تشریف لائے۔ ان کے ہمراہ جناب کامران مائیکل سینیٹر (سابق صوبائی وزیر خزانہ پنجاب) بشپ ڈاکٹر آزاد مارشل بشپ آف گلف و ایران' مسٹر شیلنگ ہالینڈ' پادری روفیس صاحب اور پادری شہزاد گل صاحب بھی تھے۔ انہوں نے دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ ودیگر اساتذہ کرام سے تبادلہ خیال کیا۔ دوران گفتگو ڈاکٹر اینڈریو نے اس بات کا کھل کر اعتراف کیا کہ ہم نصاریٰ مسلمانوں سے تمام تر زیادتیوں پر معافی مانگتے ہیں۔ اور مسلمانوں کی اپنے مذہب اور خصوصاً مسجدوں کے ساتھ وابستگی ہم نصاریٰ کیلئے ایک بہت بڑا درسِ عبرت ہے۔ انہوں نے امریکہ اور مغربی ممالک کی اسلام پر دوطرفہ یلغار پر کھل کر تنقید کی کہ یہ ان کے سیاسی ایجنڈے کا حصہ ہے' عیسائیت کی یہ تعلیمات نہیں کہ وہ مسلمانوں یا عالم اسلام کا خاتمہ کرے۔

جامعہ میں تعطیلات عیدالاضحیٰ کے بعد دوبارہ اسباق شروع:

۱۰ ر نومبر ۲۰۱۲ بروز ہفتہ سے جامعہ دارالعلوم حقانیہ میں ۱۵ دن کی عیدالاضحیٰ کی تعطیلات ختم ہونے کے بعد دوبارہ اسباق حسب سابق شروع کئے گئے۔